PUNJAB
Education Foundation

مراسلہ نمبر: PEF/RO&P/08-2025/2871 تاریخ: 12 اگست 2025

محترم درخواست گزاران

عنوان: نتائج برائے پیف سکول آف ایمنینس (جلالپور پبلک سکول، ملتان)

امید ہے آپ خیریت سے ہونگے۔

بحوالہ عنوان بالا تمام درخواست گزاران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پیف سکول آف ایمنینس (جلالپور پبلک سکول، ملتان) کی آپریشنل مینجمنٹ حاصل کرنے کیلئے جمع کروائی گئی تمام درخواستوں کی جانچ پڑتال کے بعد انتخاب کا عمل مکمل ہو چکا ہے۔ اس بابت ابتدائی طور پر منتخب شدہ (Selected) درخواست گزار اور غیر منتخب شدہ (Not Selected) درخواست گزاران کی تفصیل مراسلہ ہذا کے ساتھ لف ہے۔

علاوہ ازیں Not Selected درخواست گزاران اگر اپیل کرنا چاہتے ہیں تو وہ اپنی اپیل اس مراسلہ کے اجراء ہونے کے 15 یوم کے اندر بھجوا سکتے ہیں۔ اپیل بھجوانے کیلئے پروسیسنگ فیس مبلغ دس ہزار روپے (Rs.10,000/-) ناقابل واپسی پیف ویب سائٹ پر موجود چالان فارم کے ذریعے بنک آف پنجاب کی کسی بھی برانچ میں جمع کروا کر اصل رسید درخواست کے ساتھ نتھی کر کے مورخہ 27 اگست 2025 تک پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن L-52 گلبرگ III، لاہور بنام ڈائریکٹر RO&P بذریعہ ڈاک بھیج سکتے ہیں۔ کوئی بھی اپیل دستی وصول نہیں کی جائے گی۔ حتمی تاریخ کے بعد موصول ہونے والی اپیلوں پر کاروائی عمل میں نہیں لائی جائے گی۔ اپیل فارم اور رسید پر اپلیکیشن نمبر لکھنا لازمی ہے۔

نوٹ: مقررہ وقت تک اپیل جمع نہ کروانے کی صورت میں بعدازاں کسی بھی مرحلے کے لیے کوئی اپیل بھی زیر غور نہیں لائی جائے گی۔

خیر اندیش

ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر (آپریشنز)

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A. Main Road,
Gulzar-e-Quaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-9330273 & 75

Regional Office Multan
238-B, Model Town Multan,
Ph: 061-6216399